# پنجاب ریونیو اکیڈمی
## سوالات کا بینک

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کورس | پٹوار کورس | | مضمون | شریعت / قانون وراثت | |
| | مندرجہ ذیل سوالات کے سامنے دیئے گئے درست جواب کا انتخاب کرکے سوال کے آگے درست جواب پر نشان لگائیں | | | | درست جواب |
| سوال نمبر | سوال | 1 | 2 | 3 | |
| 1 | اسلامی قانون وراثت کی رو سے وارثان کتنی اقسام کے ہوتے ہیں؟ | ایک ہی قسم یعنی ذوی الفروض | دو قسم کے یعنی ذوی الفروض وعصبہ | تین قسم کے ذوی الفروض /عصبہ | 3 |
| 2 | متوفی کے ماں باپ کی موجودگی میں کیا بھائی یا بہن حصہ وراثت کے حق دار ہیں؟ | ہاں | نہیں | قوائد کے مطابق ممنوع ہیں | 2 |
| 3 | متوفی کی وہ اولاد جو نہ ذوی الفروض میں سے ہوں اور نہ عصبات سے یعنی پوتی کا بیٹا یا بیٹی ہوں تو وہ ذوالارحام کی کونسی قسم سے ہوتے ہیں؟ | ذوی الارحام کی پہلی قسم | ذوی الارحام کی دوسری قسم | ذوی الارحام کی چوتھی قسم | 1 |
| 4 | ذوی الارحام کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟ | ایک | دو | چار | 3 |
| 5 | قانون وراثت میں ماں باپ کا کیا درجہ ہے؟ | ذوی الفروض | عصبہ | ذوی الارحام | 1 |
| 6 | عصبات کتنی اقسام کے ہیں؟ | عصبہ بنفسہٖ، عصبہ بالذات، عصبہ بالغیر | عصبہ بالغیر و عصبہ بنفسہٖ | عصبہ معہ الغیر | 1 |
| 7 | تقسیم وراثت میں سب سے پہلے کس وارث کو حصہ ملتا ہے؟ | ذوی الفروض | عصبہ | ذوی الارحام | 1 |
| 8 | اگر کوئی ذوی الفروض نہ ہوں تو کل ترکہ کس کو ملے گا؟ | عصبات | ذوی الارحام | ا، ب دونوں کو | 1 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 9 | کیا ذوی الفروض وہ وارثان ہیں جو کسی بھی حالت میں وراثت سے محروم نہیں ہوتے بشرطیکہ ان کا رشتہ متوفی سے کسی توسط کے بغیر ہو؟ | ہاں | نہیں عصبات کی موجودگی میں ذوی الفروض محروم ہوسکتے ہیں | نہیں ذوی الارحام کی موجودگی میں ذوی الفروض محروم ہوسکتے ہیں | 1 |
| | | | | | |
| 10 | جو وارثان خود وراثت سے حصہ نہیں پاسکتے لیکن اپنی موجودگی میں دوسرے وارثان کے حصہ میں کمی کا موجب بن سکتے ہیں یعنی ایک سے زیادہ بھائی بہن ہوں تو کس وارث کے حصہ میں کمی کا باعث بنے گئے؟ | والد | والدہ | بیٹے بیٹیاں | 2 |
| | | | | | |
| 11 | اگر کسی متوفی کی وراثت ذوالفروض میں تقسیم کرنے کے بعد کوئی حصہ بچ رہے اور عصبات سے کوئی وارث موجود نہ ہو تو یہ حصہ واپس مطابق حصوں کے تناسب کے ذوی الفروض میں تقسیم ہوجائے گا اس عمل کو کیا کہتے ہیں؟ | عمل رد | عمل عول | ہر دو | 1 |
| | | | | | |
| 12 | اگر ذوی الفروض کے حصص متعین کرنے کے بعد معلوم ہو کہ ان کے کسری حصص کا مجموعہ ایک سے بڑھ جاتا ہے تو تمام حصص کو مشترک نسب نما پر لاکر اس میں کچھ اضافہ کرکے شمار کنندوں کے حصص میں کمی کرنے کو کیا کہتے ہیں؟ | عمل رد | عمل عول | ہر دو | 2 |
| | | | | | |
| 13 | ایک حنفی مسلمان جو وارثان میں بیوی، بیٹے، بیٹیاں چھوڑ کر مر جائے تو بیوی کو کتنا حصہ ملتا ہے؟ | یک آٹھواں حصہ | یک چوتھائی | یک تہائی | 1 |
| | | | | | |
| 14 | ایک حنفی لاولد مسلمان جس کے وارثان میں ماں باپ تین بہن بھائی موجود ہوں تو بہن بھائی کو کتنا حصہ ملے گا؟ | یک چھٹا | ماں باپ کے حصائص سے بچنے والا حصہ | محروم | 3 |
| | | | | | |
| 15 | ایک حنفی مسلمان متوفی جس کے پسماندگان میں ماں باپ بیوی ایک بیٹا ایک بیٹی موجود ہوں تو والد کتنے حصہ کا حقدارہوگا؟ | یک چھٹا | یک تہائی | نصف | 1 |
| | | | | | |
| 16 | ایک حنفی مسلمان جو لاولد فوت ہوا اس کے پسماندگان میں ماں باپ دو بھائی اور دو بہنیں موجود ہوں تو والدہ (ماں) کتنے حصہ کی حقدارہ ہوگی؟ | یک تہائی | نصف | یک چھٹا | 3 |
| | | | | | |
| 17 | ایک حنفی مسلمان جس کے پسماندگان میں صرف ماں باپ موجود ہوں تو والدہ کتنے حصہ کی حقدارہوگی؟ | یک تہائی | نصف | یک چھٹا | 1 |
| | | | | | |
| 18 | ایک حنفی مسلمان جو لا ولد فوت ہوا ہے اس کے پسماندگان میں بیوی، والدہ، والد موجود ہوتو بیوی کتنے حصہ کی حقدارہ ہوگی؟ | یک چوتھائی | یک آٹھواں | نصف حصہ | 1 |
| | | | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 | پانچ بارہواں حصہ 5/12 | تین چوتھائی حصہ | نصف حصہ | ایک لاولد حنفی مسلمان جس کی ایک بیوی،ایک والدہ، والد پسماندگان میں ہوں تو والد کتنے حصہ کا حقدار ہوگا؟ | 19 |
| | | | | | |
| 1 | چوتھائی | نصف | دو تہائی | ایک متوفی جسکی دو بیٹیاں، ماں، باپ پسماندگان میں ہو ں تو بیٹیاں کتنے حصہ کی حقدارہ ہوں گی؟ | 20 |
| | | | | | |
| 1 | ہر دو | نہیں ہوگی | ہوگی | فقہ حنفی میں ایک مرد عورت کو طلاق دے دیتا ہے لیکن ابھی مدت عدت ختم نہیں ہوئی کہ مرد فوت ہوگیا اس طرح عورت وارثت کی حقدار ہوگی یا نہیں؟ | 21 |
| | | | | | |
| 2 | ہر دو | نہیں | ہاں | فقہ حنفی میں ہی ایک مرد عورت کو طلاق دے دیتا ہے اور ابھی عورت کی عدت کی مدت ختم نہیں ہوئی اور عورت فوت ہوجائے تو کیا اس صورت میں مرد (شوہر) عورت (بیوی) کی وراثت کا حقدار ہوگا یا نہیں | 22 |
| | | | | | |
| 1 | محروم | نصف | سالم | ایک شیعہ متوفی جس کے وارثان بازگشت میں ایک بھائی اور ایک بیٹی موجود ہوں تو بیٹی متوفی کی وراثت سے کس قدر حصہ کی حقدارہ ہوگی؟ | 23 |
| | | | | | |
| 1 | یک چوتھائی | یک آٹھواں | محروم | ایک شیعہ مسلمان جو لا ولد فوت ہوا، پسماندگان میں ایک بیوی ایک چچا اور ایک بہن موجود ہوں تو بیوی کو کتنا حصہ ملے گا؟ | 24 |
| | | | | | |
| 1 | وراثت کا حقدار نہیں ہوگا | ہاں ہوگا اس کا حصہ 7/16ہوگا | ہاں وراثت کا حقدار ہوگا اور اسکا حصہ 7/32ہوگا | ایک حنفی مسلمان کے پسماندگان میں بیوی، بیٹا، بیٹی متوفیہ کا بیٹا یعنی نواسہ موجود ہیں تو کیا نواسہ وراثت سے حصہ پائے گا اگر پائے گا تو اسکا کتنا حصہ ہوگا؟ | 25 |
| | | | | | |
| 1 | وراثت کا حقدار ہی نہ ہوگا | وراثت کے نصف حصے کا حقدار ہوگا | وراثت کا سالم حقدار ہوگا | ایک شیعہ مسلمان جس کے پسماندگان میں صرف ایک نواسہ، ایک بھائی، ایک بہن ہوں تو نواسہ کتنے حصے کا حقدار ہوگا یا وراثت سے حصہ ہی نہیں پائے گا؟ | 26 |
| | | | | | |
| 2 | نصف | سات آٹھواں | تین چوتھائی | ایک شیعہ مسلمان جس کے پسماندگان میں ایک بیوہ اور 2بیٹیاں موجود ہوں تو بیٹیاں کتنے حصہ کی حقدارہ ہونگی؟ | 27 |
| | | | | | |
| 2 | سالم حصہ | دو تہائی حصہ | نصف حصہ | ایک سنی مسلمان جس کے پسماندگان میں 2بیٹیاں،2ہمشیرگان اور 1بھائی شامل ہو تو بیٹیاں کتنے حصہ کی حقدارہ ہونگی؟ | 28 |
| | | | | | |
| 1 | فاترالعقل ہو | متوفی نے اپنی زندگی میں عاق کردیا ہو | متوفی کو قتل کرنے سے | ایک بیٹا متوفی کے حق وراثت سے کیوں محروم ہوسکتا ہے؟ | 29 |
| | | | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 30 | ایک گمشدہ فرد کی وراثت کتنے عرصے بعد بحق وارثان بازگشت منتقل ہوسکتی ہے؟ | 7سال بعد | 15سال بعد | گمشدہ شخص کی قدرتی عمر یعنی 60 کے بعد | 1 |
| | | | | | |
| 31 | ایک حنفیہ متوفیہ کا خاوند متوفیہ کی جائیداد سے کتنا حصہ کاحقدار ہوگاجبکہ متوفیہ کی نرینہ اولاد بھی موجود ہو؟ | یک آٹھواں | یک چوتھائی | نصف حصہ | 2 |
| | | | | | |
| 32 | ایک حنفیہ متوفیہ جو کہ لاولد فوت ہوئی اور اسکا خاوند، بھائی اور بہن موجود ہوں تو خاوند کتنے حصے کا حقدار ہوگا؟ | یک چوتھائی | سالم | نصف | 3 |
| | | | | | |
| 33 | ایک حنفی متوفی کی چار بیویاں ہوں جن میں سے صرف ایک ہی بیوی کے بطن سے اولاد ہو تو اسکی بیویاں کتنا حصہ لیں گی؟ | ہر چہار بحصہ برابر یک آٹھواں | ہر چہار بحصہ برابر یک چوتھائی | وہی بیوہ یک آٹھواں کی حقدارہ ہوگی جس کی اولاد موجود ہے؟ | 1 |
| | | | | | |
| 34 | ایک حنفی متوفی جسکی صرف ایک بیٹی اور بھائی موجود ہوں تو بیٹی کتنے حصہ کی حقدار ہ ہوگی؟ | سالم | نصف | دو تہائی | 2 |
| | | | | | |
| 35 | ایک شیعہ متوفی جس کے صرف ایک بیٹی اور بھائی موجود ہوں تو بیٹی کتنے حصہ کی حقدارہ ہوگی؟ | سالم | نصف | دو تہائی | 1 |
| | | | | | |
| 36 | ایک حنفی متوفی جس کی مادری بہنیں ایک سے زیادہ ہوں اور متوفی کا باپ دادا، بیٹا،پوتاوغیرہ نہ ہوں تو مادری بہنیں کتنے حصہ کی حقدارہ ہونگی؟ | نصف | یک تہائی | یک چھٹا | 2 |
| | | | | | |
| 37 | ایک شیعہ متوفی جس کی مادری بہنیں ایک سے زیادہ ہوں اور متوفی کا باپ دادا، بیٹا،پوتاوغیرہ نہ ہوں تو مادری بہنیں کتنے حصہ کی حقدارہ ہونگی؟ | نصف | سالم | یک چھٹا | 2 |
| | | | | | |
| 38 | فقہ حنفی میں متوفی کی حقیقی بہن کتنے حصہ کی حقدارہ ہوگی جبکہ متوفی کا کوئی بیٹا بیٹی موجود نہ ہواور نہ ہی متوفی کے ماں باپ ہوں؟ | نصف | دو تہائی | چوتھائی | 1 |
| | | | | | |
| 39 | ایک شیعہ لاولد متوفی کی زرعی اراضی سے بیوہ کو کتنا حصہ دیاجائیگا؟ | بیوہ محروم رہے گی | یک اٹھواں | یک چوتھائی | 1 |
| | | | | | |
| 40 | ایک شیعہ متوفی جسکی ایک بیٹی اور دو بیٹے ہوں تو ایک بیٹے کا حصہ کتنا ہوگا؟ | دو پانچواں | یک پانچواں | یک تہائی | 1 |
| | | | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 41 | ایک سنی مسلمان جو لاولد فوت ہوا اور اس کے والدین پہلے فوت ہوچکے تھے جبکہ متوفی کے دادا، دادی زندہ تھے تو کیا دادا، دادی حصہ وراثت کے حقدار ہونگے، جبکہ متوفی کے بھائی بہن بھی زندہ ہیں؟ | محروم رہیں گے | حصہ وراثت پائیں گے | متوفی کے بھائی بہن کو کوئی حصہ نہ ملے گا | 2 |
| 42 | ایک لاولد سنی مسلمان جس کا ایک حقیقی بھتیجا اور ایک حقیقی چچا وارثان بازگشت میں ہوں تو حقیقی بھتیجا کتنے حصہ کا حقدار ہوگا؟ | سالم | نصف حصہ | چوتھائی حصہ | 1 |
| 43 | ایک لاولد سنی عورت جسکی ایک بیٹی اور دو بھائی پسماندگان میں ہیں تو اسکی بیٹی کو کتنا حصہ وراثت میں ملے گا؟ | سالم | نصف | یک تہائی | 2 |
| 44 | ایک لاولدشیعہ مرد جس کی ایک بہن اور دو بھائی پسماندگان میں ہوں تو ایک بھائی کو کتنا حصہ ملے گا؟ | نصف | چوتھائی | دو پانچواں | 3 |
| 45 | ڈسٹرکٹ زکواۃ عشر کمیٹی آرڈیننس نمبر 18 زکواۃ و عشر کے کسی دفع کے تحت بنائی جاتی ہے؟ | دفعہ نمبر 15 | دفعہ نمبر 16 | دفعہ نمبر 17 | 2 |
| 46 | آرڈی ننس بالا کی کس دفعہ کے تحت مقامی زکواۃ عشر کمیٹی تشکیل دی جاتی ہے؟ | دفعہ نمبر 16 | دفعہ نمبر 25 | دفعہ نمبر 18 | 3 |
| 47 | قواعد تشخیص وصولی عشر پنجاب سال 1983کی کس قاعدہ کے تحت مقامی زکواۃ عشر کمیٹی عشر کے گوشوارے تیار کرتی ہے؟ | قاعدہ نمبر 3 | قاعدہ نمبر 8 | قاعدہ نمبر 9 | 3 |
| 48 | اگر چار بھائیوں کا کھاتہ مشترکہ ہے اور رسمی تقسیم نہیں ہوئی تو نصاب عشر کا تعین کس بنیاد پر ہوگا؟ | چاروں بھائیوں کی مشترکہ کاشت پر | چاروں بھائیوں کے علیحدہ علیحدہ حصہ پر | کسی پر بھی تشخیص نہ ہوگا | 1 |
| 49 | ایسی صورت میں عشر کی وصولی کس سے ہوگی جبکہ مالک اراضی نے رقبہ ٹھیکہ پر دے رکھا ہے لیکن گرداوری مالک کے نام پر ہی ہورہی ہے؟ | مالک اراضی سے | ٹھیکہ دار سے | جس سے مقامی عشرکمیٹی وصول کرنا چاہیے | 1 |
| 50 | عشر کا نصاب کتنا ہے؟ | 320کلو گرام گندم یا اسکے برابر کے مالیت کی دوسری پیداوار | 640کلوگرام یا س کے برابر مالیت کی دوسری پیداوار | 948کلو گرام یا اسکے برابر مالیت کی دوسری پیداوار | 3 |
| 51 | ایسا عمل جس کے ذریعے متوفی کا ترکہ غیر اختیاری طور پر اس کے ورثاء کے حق میں منتقل ہو جاتا ہےکیا کہلاتا ہے؟ | ام | جد | وراثت | 3 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 | وارث | فروع قریب | فروع میت | جن لوگوں کے حق میں متوفی کا ترکہ منتقل کیا جا تا ہے انہیں کیا کہتے ہیں؟ | 52 |
| 2 | فروع قریب | ترکہ | فروع بعید | متوفی جو جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ چھوڑ کا جا تا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟ | 53 |
| 3 | ام | عصبات | جد فاسد | عربی میں والد ہ کوکیا کہتے ہیں؟ | 54 |
| 3 | جد | محجوب | عصبات | باپ کے باپ یعنی دادا کو کیا کہتے ہیں؟ | 55 |
| 2 | جد | جدہ صحیح | ذوی الارحام | ایسی عورت وارث جس کا متوفی کے ساتھ رشتہ کسی جدہ فاسد کے ذریعہ سے ہو مثلاً ماں کے باپ کی ماں کیا کہلاتی ہے؟ | 56 |
| 1 | عصبات | وارث | جد فاسد | ایسا مرد وارث جس کے ساتھ میت کا رشتہ کسی عورت کے ذریعے سے ہوکیا کہلاتا ہے؟ | 57 |
| 2 | ورثاء سبی | جد صحیح | ارتداد | ایسا وارث جس کا متوفی کے ساتھ رشتہ عورت کے تو سط کے بغیر ہو مثلاً دادا ، پر دادا وغیرہ کیا کہلاتا ہے؟ | 58 |
| 1 | اخیانی بہن بھائی | حقیقی بہن بھائی | علاقائی بہن بھائی | ایسا بھائی یا بہن جن کی مائیں الگ الگ ہوں لیکن باپ ایک ہو تو کیا کہلاتے ہیں؟ | 59 |
| 2 | جد | اخیافی بہن بھائی | وارث | ایسے بہن بھائی جن کا باپ الگ الگ ہو مگر ماں ایک ہو تو کیا کہلاتے ہے؟ | 60 |
| 1 | جد صحیح | علاقائی بہن بھائی | حقیقی بہن بھائی | ایسے بہن بھائی جن کا ماں باپ ایک ہو کیا کہلاتے ہیں؟ | 61 |
| 2 | ام | فروع قریب | فروع میت | ایسی اولاد جس کا تعلق میت سے براہ راست ہو مثلاً بیٹا ، بیٹی وغیرہو تو کیا کہلاتے ہیں؟ | 62 |
| 2 | جد فاسد | اصول میت | جد | ایسا وارث جس کی اولاد میں سے میت ہو تو کیا کہلاتا ہے ؟ | 63 |
| 1 | محجوب | ارتداد | ذوی الفروض | قربت دار ورثاء جن کے حصے میت کے ترکہ میں سے قرآن مجید میں مقرر ہیں کیا کہلاتے ہیں؟ | 64 |
| 2 | فروع بعید | عصبات | ممنو الارث | متوفی کی طرف سے قربت رکھنے والے ورثاء کیا کہلاتے ہیں؟ | 65 |
| 1 | جد | اصول میت | ذوی الارحام | متوفی کے ایسے قربت دار جو نہ ذوی الفرض ہوں اور نہ عصبات مثلاً ماموں ، خالہ وغیرہ ہوں تو کیا کہلاتے ہیں؟ | 66 |
| 3 | موانع میراث | ذویالفرض | عصبات | ایسے اسباب جن کی وجہ سے کوئی وارثت سے محروم رہ جائے تو ایسے کیا کہتے ہیں؟ | 67 |
| 2 | فروع بعید | ارتاد یا مرتد | ورثاء سبی | کسی شخص کا اپنا مذہب چھوڑ کر دوسرا مذہب اپنالینے کو کیا کہتے ہیں؟ | 68 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 69 | جو وارث میراث پانے کی اہلیت رکھتا ہو مگر کسی رکاوٹ کی وجہ سے محروم ہو جائے ایسے وارث کو کیا کہنا چاہئے ؟ | عول | ارتداد | حجب | 3 |
| 70 | مو جبات وراثت کی کتنی اقسام ہیں؟ | 3 | 2 | 4 | 2 |
| 71 | فقه حنفی کے نزدیک مستحقین میراث کتنے ہیں؟ | 3 | 4 | 10 | 4 |
| 72 | شیعه فقه کے نزدیک مستحقین میراث کتنے ہیں؟ | 9 | 7 | 5 | 2 |
| 73 | حجب کی اقسام بتائیں ؟ | 3 | 4 | 2 | 3 |
| 74 | اگر متوفی کی اولاد مو جود ہو تو بیوی کتنا حصه لے گی؟ | 1/6 | 1/8 | 1/3 | 2 |
| 75 | اگر متوفی کی اولاد موجود نه ہو تو اس صورت میں بیوی کتنا حصه لے گی؟ | 1/6 | 1/3 | 1/4 | 3 |
| 76 | اگر متوفی کی اولاد نه ہوتو متوفی کی ماں کتنا حصه لے گی؟ | 1/3 | 1/8 | 1/6 | 3 |
| 77 | اگر متوفی کی اولاد نه ہو اور اس کے بھائی اور بہن ہوں تو ایسی صورت میں متوفی کی ماں کتنا حصه لے گی؟ | 1/3 | 1/8 | 1/9 | 1 |
| 78 | اگر متوفی کا کوئی بیٹا یا بیٹی یعنی اولاد مو جود ہو تو باپ کو متوفی کے ترکه میں سے کیا حصه ملے گا؟ | 1/6 | 1/8 | 1/2 | 1 |
| 79 | اگر متوفی کا کوئی بیٹا ،بیٹی پو تا ،پوتی نه ہو تو حقیقی بہن کو متوفی کی جائیداد سے کیا حصه ملے گا؟ | 1/4 | 1/3 | 1/6 | 2 |
| 80 | اگر متوفی کی حقیقی بہن موجود ہوتو علاتی بہن کو کتنا حصه ملے گا؟ | 1/4 | 1/6 | 1/5 | 2 |
| 81 | ایسے ورثا جن کا تعلق میت سے بذریعه نسب ہو کیا کہلا تا ہے؟ | حجب | ورثاء سبی | ورثاء نسی | 3 |
| 82 | اگر خا وند متو فی کی اولا د در اولا د نه ہو تو زو جه کو کل تر که کتنا حصه ملے گا ؟ | 1/3 | 1/4 | 1/6 | 2 |
| 83 | اگر خاوند متوفی کی اولا د مو جو د ہو تو بیو ہ زوجه کو کتنا حصه ملے گا ؟ | 1/4 | 1/6 | 1/8 | 3 |
| 84 | اگر متو فیه زو جه کی کو ئی اولاد نه ہو تو اس صورت میں شو ہر کو کل تر که کا کتنا حصه ملے گا ؟ | 1/2 | 1/3 | 1/4 | 1 |
| 85 | اگر زو جه متو فیه کی اولا د مو جو د ہو تو شو ہر کو کل تر که کا کتناحصه ملے گا؟ | 1/2 | 1/4 | 1/5 | 2 |
| 86 | شیعه وراثت کی روسے متو فی کی جا ئید اد غیر منقوله سے بے اولاد بیو ه کوکتنا حصه ملتا ہے ؟ | 1/2 | 1/5 | نہیں ملتا | 3 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 87 | شیعہ وراثت کی رو سے متو فی کی غیر منقولہ جا ئید اد پر جو عمارت وغیر ہ یا درخت وغیر ہ ہو ں ان کی قیمت میں سے بے اولا د بیو ہ کوکتنا حصہ ملتا ہے | 1/3 | 1/6 | 1/4 | 4 |
| 88 | اگر شیعہ متو فی بیو ی ،ما ں اور با پ پیچھے چھوڑے تو بیو ی بیو ہ کا تر کہ میں سے کتناحصہ ہو گا ؟ | 1/6 | 1/3 | کوئی نہیں | 3 |
| 89 | اگر شیعہ متو فی بیو ی،ما ں اور با پ پیچھے چھوڑے تو ما ں کا تر کہ میں کتنا حصہ ہو گا ؟ | 1/6 | 1/5 | 1/3 | 3 |
| 90 | اگر شیعہ متو فی کے ورثا ء میں ما ں با پ اور بیٹا مو جو د ہو تو بیٹے کا کیاحصہ ہوگا ؟ | 1/6 | 2/3 | 2/4 | 2 |
| 91 | شیعہ متو فی کے ورثا ء میں با پ ما ں اور دو بیٹیا ں ہو ں تو بیٹیو ں کا حصہ کیا ہو گا ؟ | 2/3 | 2/4 | 1/3 | 1 |
| 92 | اگر متو فی شیعہ ہو اور باپ ما ں اور دو بیٹے مو جو د ہو ں تو ما ں کو تر کہ میں کیا حصہ ملے گا ؟ | 1/6 | 1/4 | 1/5 | 1 |
| 93 | فقہ حنفیہ میں متو فی اپنے پیچھے با پ دادا ما ں بینٹی اور پو تی چھوڑے تو تر کہ میں پو تی کا حصہ کتنا ہو گا ؟ | حقدار نہیں | ام | ذوی الفروض | 1 |
| 94 | متو فی اگر فقہ حنفیہ سے ہو اور اپنے پیچھے با پ ما ں دو بیٹیاں اور ایک پو تی کو چھوڑے تو تر کہ میں دو بیٹیو ں کا حصہ کتنا ہو گا ؟ | 2/4 | 2/3 | 1/3 | 2 |
| 95 | متو فی فقہ حنفیہ سے ہو اور وہ اپنے پیچھے باپ دادا ماں نانی بیٹی اور پو تی کو چھوڑے توتر کہ میں باپ کا حصہ کتناہو گا ؟ | 1/2 | 1/3 | 1/6 | 3 |
| 96 | ایک سنی مسلمان عور ت اپنے پیچھے شو ہر اور باپ چھوڑ کر فو ت ہو ئی تو تر کہ میں سے شو ہر کتنا حصہ لے گا ؟ | 2/3 | 1/2 | 1/4 | 2 |
| 97 | ایک سنی مسلمان عورت اپنے پیچھے شوہر اور با پ کو چھوڑ کر فو ت ہو ئی تو تر کہ میں سے با پ کو کتنا حصہ ملے گا ؟ | 1/3 | 1/4 | 1/2 | 3 |
| 98 | ایک سنی مسلما ن متو فی اپنے پیچھے چار بیو یا ں اور ایک با پ چھوڑکر فو ت ہو تو تر کہ میں سے با پ کو بطور عصبہ کتنا حصہ ملے گا ؟ | 3/4 | 2/4 | 1/4 | 1 |
| 99 | ایک سنی مسلمان متو فی اپنے پیچھے چار بیو یا ں اور ایک با پ کو چھوڑ کر فو ت ہوا ہو تو تر کہ میں سے بیو یو ں کو کتنا حصہ ملے گا ؟ | 1/2 | 1/3 | 1/4 | 3 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 100 | ایک سنی مسلما ن اپنے پیچھے ایک بیو ہ ، ما ں اور با پ کو چھوڑ کر فو ت ہو اتر کہ میں سے بیوہ کوکتنا حصہ ملے گا ؟ | 1/8 | 1/3 | 1/4 | 3 |
| | | | | | |
| 101 | ایک سنی مسلمان اپنے پیچھے ایک بیوہ ماں،اور با پ کوچھوڑ کر فوت ہو ا تر کہ میں سے ماں کوکتنا حصہ ملے گا ۔ | 1/6 | 1/3 | 1/4 | 1 |
| | | | | | |
| 102 | کسی جا ئید اد منقو لہ یا غیر منقو لہ کا ایک شخص سے دوسر ے شخص کو بلا معا وضہ منتقل کر نا اور دوسر ے شخص کا اسے قبو ل کر ناکیا کہلا تا ہے ؟ | تملیک | وراثت | ہبہ | 3 |
| | | | | | |
| 103 | ایسا شخص جو ہبہ کر تا ہےکیا کہلا تا ہے ؟ | مو ہو ب الیہ | واہب | مشتری | 2 |
| | | | | | |
| 104 | جس شخص کے حق میں ہبہ کیا جا تا ہے یعنی ہبہ لے رہا ہے کیا کہلا تا ہے ؟ | واہب | مو ہو ب الیہ | مشتری | 2 |
| | | | | | |
| 105 | ایسی منقو لہ یا غیر منقو لہ جا ئیداد جسے ہبہ کیا جا ئے کیا کہتے ہیں؟ | بیع | مکفو ل | مو ہو ب الیہ | 3 |
| | | | | | |
| 106 | ایسا ہبہ جو کسی شخص کی زند گی تک کے لئے ہو کیا کہلاتا ہے ؟ | وراثت | بیع | ہبہ تا حین حیات | 3 |
| | | | | | |
| 107 | اپنی ملکیتی کسی قیمتی چیز کی ملکیت اللہ تعا لی ٰکی ملکیت میں مقید کر دینا اور منفعت کو دوسر و ں کے لئے مذہبی خیر ا تی یا نیکی کے ساتھ اللہ کی راہ میں ہمیشہ کے لئے صدقہ کر دینے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟ | تملیک | وقف | بیع | 2 |
| | | | | | |
| 108 | کسی چیز کو وقف کر نے والے کو کیا کہتے ہیں ؟ | مشتری | با ئعہ | واقف | 3 |
| | | | | | |
| 109 | جس شخص یا جما عت کو فا ئد ہ پہنچا نے کے لئے وقف کیا جا ئے اسے کیا کہتے ہیں ؟ | با ئعہ | مو قو ف الیہ | مشتری | 2 |
| | | | | | |
| 110 | کسی شخص یا فر د کا اپنی زندگی کے بعد ہمیشہ یا مخصو ص وقت کے لئے اپنی ملکیتی جا ئیداد منقو لہ یا غیر منقولہ یا اس کے منفعت اس کی دیگر شخص یا ادارہ کے حق میں بلا معا وضہ منتقل کر نے کاقطعی اظہارکیا کہلاتاہے؟ | تملیک | وصیت | وراثت | 2 |
| | | | | | |
| 111 | ایک سنی مسلما ن اپنے پیچھے بیو ہ ما ں اور دادا چھوڑکر فو ت ہوا ہو تو تر کہ میں سے ما ں کتنا حصہ لے گی ؟ | 1/3 | 1/4 | 1/2 | 1 |
| | | | | | |
| 112 | اگر کسی وارث کی مو جو د گی کی وجہ سے کو ئی دوسرا وارث اپنے حصے سے کم حصے کا حقدار ہو تو کیا کہلاتا ہے مثلاًاولاد نہ ہو نے کی صور ت میں ما ں کو 1/3 حصہ ملتا ہے جبکہ اولا د ہو نے کی وجہ سے1/6 حصہ ملتا ہے ؟ | ارتداد | حجب حر مان | حجب نقصان | 3 |
| | | | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 113 | اگر بیٹا فو ت ہو جا ئے ما ں ،با پ اور بیٹے کی اولاد جن میں بیٹے اور بیٹیا ں مو جو د ہو ں تو ما ں کو کتنا حصہ ملے گا | 1/6 | 1/3 | 1/4 | 1 |
| 114 | اگر متوفی کی اولاد نہ ہو تو اسکے بھائی اور بہن ہوں تو ایسی صورت میں ماں کوکتنا حصہ ملے گا؟ | 1/3 | 1/8 | 1/5 | 1 |
| 115 | اگر متوفی کی اولاد ہو تو ترکہ میں سے ماں کوکتنا حصہ ملے گا؟ | 1/4 | 1/3 | 1/6 | 3 |
| 116 | ایک شیعہ مسلمان اپنے پیچھے ایک بیٹی اور ایک حقیقی بھائی کو چھوڑ کر فوت ہوا ترکہ میں سے بیٹی کو کتنا حصہ ملے گا؟ | تیسرا حصہ | دوسرا حصہ | تمام ترکہ کی حصہ دار ہوگی | 3 |
| 117 | ایک شیعہ مسلمان اپنے پیچھے ایک بیٹی اور ایک حقیقی بھائی کو چھوڑ کر فوت ہوا ترکہ میں سے متوفی کے بھائی کو کتنا حصہ ملے گا؟ | تمام ترکہ کا حصہ دار ہوگا | دوسرا حصہ | ترکہ میں سے حصہ نہ ہوگا | 3 |
| 118 | محروم الارث کا وراثت میں کتنا حصہ ہے | مرلہ | کنال | کوئی نہیں | 3 |
| 119 | جدہ صیح کہا جاتا ہے | باپ | چچا | ماما | 1 |
| 120 | قران پاک کی کس سورت میں ماں ، باپ ، بیٹی ،بیٹا وغیرہ کے حصص کا تعین کیا گیا ہے | سورہ الفاتحہ | سورہ الانعام | سورہ النساء | 3 |
| 121 | کونسا جائز وارث وراثت سے محروم رہے گا | لاپتہ | بیرون ملک رہائش پزیر | متوفی کا قاتل | 3 |
| 122 | وہ کونسا رشتہ ہے جو کبھی بھی وارث نہیں ہو سکتا | نانا | بہن | بہو | 3 |
| 123 | قرآن پاک میں سورہ النساء کس پارہ میں موجود ہے | 4 | 5 | 6 | 2 |
| 124 | وصیت کی زیادہ سے زیادہ حد کتنی ہے | ایک تہائی | دو تہائی | تین تہائی | 1 |
| 125 | وراثت میں لاولد کا لفظ کس کے لیے استعمال کیا جاتا ہے | اولاد نہیں ہوتی | شادی نہیں ہوتی | شادی یا اولاد نہیں | 1 |
| 126 | اسلامی قانون کے تحت فقہ حنفی میں لاولد بیوہ کا کتنا حصہ ہوتا ہے | 1/1 | 1/4 | 1/5 | 2 |
| 127 | فقہ شعیہ میں لاولد بیوہ کا حصہ کتنا ہوتا ہے | محروم | 1/2 | 1/3 | 1 |
| 128 | طلاق کی صور ت عورت کا کتنا حصہ ہوتا ہے | 1/4 | 2/1 | محروم | 3 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 129 | انتقال وراثت پر شجرہ نسب وارثان کون مرتب کرتا ہے | گرداور | پٹواری | ریونیو آفیسر | 2 |
| 130 | پٹواری وراثت کا شجرہ نسب بنا کر اس کی تصدیق کس سے کرواتا ہے | نمبر دار ، پتی دار | نمبردار | پتی دار | 1 |
| 131 | پٹواری انتقال وراثت کا فیصلہ کس عہدہ دار سے کرواتا ہے | کلکٹر | کمشنر | ریونیو آفیسر | 3 |
| 132 | متوفی اگر کوئی مال یا وراثت چھوڑ جائے تو اسے علم وراثت میں کیا کہا جاتا ہے | ترکہ | مال | وراثت | 1 |
| 133 | ایسے وارثین جن کے حصہ قرآن میں ، سنت میں، اور اجماع کے تحت مقرر کئے جا چکے ہوں کیا کہلاتے ہیں | ذوالفروض | ذو ی الارحام | عصبات | 1 |
| 134 | وہ قریبی وارث جن کو زوالفروض کے ترکہ نکالنے کے بعد حصہ ملے -----------کہلاتے ہیں | ذوی الارحام | عصبات | وارثان | 2 |
| 135 | ایسے وارثین جن کا شمار نہ زوالفروض میں ہو نہ عصبات میں بس دور کے خونی رشتہ دار ہوں | ذوالفروض | ذوی الارحام | عصبات | 2 |
| 136 | ایسے وارثان جو کسی حالت میں وراثت سے محروم نہیں ہو سکتے، | ذوالفروض | ذوی الارحام | لازمی وارثان | 3 |
| 137 | ایسے بھائی بہن جن کا باپ تو ایک ہو مائیں الگ الگ ہوں | مادری بہن بھائی | پدری بہن بھائی | سوتیلے بہن بھائی | 3 |
| 138 | ایسے بھائی بہن جن کی ماں تو ایک ہو باپ الگ الگ ہوں، یعنی عورت کی دوسری شادی سے اولاد بھی ہو | مادری بہن بھائی | پدری بہن بھائی | سوتیلے بہن بھائی | 1 |
| 139 | متوفی اگرعورت ہو اس کا خاوند زندہ ہے پر اولاد نہ ہے اس کا وراثت میں حصہ کس تناسب سے ہے | 1/2 | 1/3 | 1/4 | 1 |
| 140 | متوفی عورت کے وارثین میں خاوند اور اولاد موجود ہے خاوند کا حصہ کیا ہو گا | 1/2 | 1/3 | 1/4 | 3 |
| 141 | مرحوم کی بیوہ موجود ہے اور اولاد بھی موجود ہے بیوہ کا حصہ وراثت کیا ہو گا | 1/4 | 1/5 | 1/8 | 3 |
| 142 | مرحوم کی بیوہ موجود ہے اور اولاد موجود نہ ہے حصہ بمطابق حنفی شریعت کیا ہو گا | 1/4 | 1/5 | 1/6 | 1 |
| 143 | مرحوم یا بیوہ کے والدین کا حصہ وراثت کیا ہو گا | 4/1 | 1/5 | 1/6 | 3 |
| 144 | بروئے شریعت حنفی یا شعیہ بیٹے اور بیٹی کا حصہ کا تناسب کیا ہو گا | بیٹا 2، بیٹی 1 | بیٹا 3، بیٹی 2 | بیٹی 4، بیٹا 4 | 1 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 145 | ایسے لوگ جن کے نہ ماں باپ ہوں اور نہ ہی اولاد | وارثان | کلالہ | محروم | 2 |
| 146 | ایسا انسان جس کا خونی رشتہ تو موجود ہو پر اس کو بروئے شریعت وراثت نہیں مل سکتی | کلالہ | محروم | ولد الحرام | 3 |
| 147 | متوفی کی کوئی اولاد نہیں اس کا ایک بھائی اور بھائی کی اولاد موجود ہے وراثت کس کو جائے گی | گورنمنٹ کو | چچا کو | بھائی کو | 3 |
| 148 | متوفی کی اولاد نرینہ موجود ہے والدین موجود نہ ہیں ایک بھائی موجود ہے وراثت کس کو جائے گی | اولاد نرینہ کوسالم | بھائی کو | مرحوم والدین کو | 1 |
| 149 | متوفی کی کوئی اولا دنہ ہے اس کے دو بھائی میں سے ایک اس کی زندگی میں ہی فوت ہو چکا تھا اس کی اولاد ہے دوسرا بھائی زندہ ہے اس کی اولاد نہ ہے وراثت کس کو جائے گی | دونوں بھائی کو برابر | مرحوم بھائی کی اولاد کو | سالم زندہ بھائی کو | 3 |
| 150 | متوفی کے وارثان میں ایک بھائی اس کی زندگی میں فوت ہو چکا ہے اس کی اولاد موجود ہے دوسری اس کی بہن زندہ ہے اس کی اولاد بھی نہ ہے وراثت کس کو جائے گی | بہن کو سالم | بھائی کی اولاد کو سالم | بہن ½ بقایا بھائی کی اولاد کو | 3 |
| 151 | متوفی کے وارثان میں ایک بیٹی ہے اور ایک مرحوم بہن کی اولاد موجود ہے جائدا د کس کو جائےگی | سالم بیٹی کو | بہن کی اولاد کو | دونوں کو برابر | 3 |
| 152 | متوفی کے وارثان میں صرف ایک بیوہ ایک بیٹی موجود ہے حصص کتنے ہوں گے | بیوہ 1/4 بیٹی بقایا | بیوہ محروم | سالم بیٹی | 1 |
| 153 | متوفی کی ایک طلاق یافتہ بیوہ اور ایک بیٹا موجودہے وراثت کے حصص کیا ہوں گے | بیوہ 1/4 بیٹا بقایا | بیوہ محروم سالم بیٹا | بیٹا محروم سالم بیوہ | 2 |
| 154 | متوفی کا ایک ثابت شدہ قاتل بھائی موجود ہے اور ایک بہن موجود ہے جائداد کے حصص کیا ہوں گے | بھائی آدھا بقایا بہن | بھائی محروم بہن 1/2 | بہن 1/2 بقایا عول بہن | 3 |
| 155 | متوفی کے والدین موجود ہیں اور ایک بیٹا ہے جائداد کے حصص کیا ہوں گے | والدین محروم | سالم بیٹا | والدین 1/3 بقایا بیٹا | 3 |
| 156 | متوفی کے وارثان میں ایک بیٹی ہے اور ایک بہن موجود ہے جائداد کے حصص کیا ہوں گے | بیٹی 1/2بہن 1/2 | بیٹی سالم | بہن سالم | 1 |
| 157 | متوفی کی ایک طلاق یافتہ بیوہ موجود ہے اور حمل سے ہے کون وارث ہو گا | بیوہ | پیدا ہونے والا | دونوں | 2 |
| 158 | کن کی غیر موجودگی میں ذوی الارحام وارث ہو سکتے ہیں | لازمی وارثان | ذوالفروض | دونوں | 3 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 | بہن بیٹی برابر | بیٹی سالم | بہن سالم | متوفی کی ایک بہن اور ایک بیٹی ہی موجود ہے جائداد کا تناسب کیا ہو گا | 159 |
| 2 | عول اور رد | رد | عول | متوفی کی ایک بیٹی موجود ہے بروئے شریعت اس کا حصہ2/ 1ہے لیکن وہ بقایا حصہ کی بھی مالک ہوگی عصبات کی غیر موجودگی میں اس حصہ کو کیا کہیں گے | 160 |
| 3 | واصل باقی نویس | تحصیلدار | پٹواری | عشر کی رقم کون داخل خزانہ کرتا ہے۔ | 161 |
| 1 | 3بار | 2بار | 1بار | زکوٰۃ سال میں کتنی دفعہ ادا کی جاتی ہے۔ | 162 |
| 3 | مقامی زکوٰۃ کمیٹی | تحصیلدار | پٹواری | اگر کوئی عشر گزاراورمقررہ تاریخ تک خود تشخیصی نظام کے تحت فارم جمع نہ کروائیں تو اس کے خلاف کاروائی کاکون مجاز ہے۔ | 163 |
| 1 | 15 | 14 | 11 | عشر گزار کس فارم کے تحت خود تشخیصی نظام کے تحت کون سا فارم استعمال ہوتا ہے۔ | 164 |
| 1 | 4-½ | 3-½ | 2-½ | زکوٰۃ کس حساب سے ادا کی جاتی ہے۔ | 165 |
| 2 | 15 | 10 | 5 | عشر غیر آبپاش رقبہ پر کتنے فیصد عائد ہوتا ہے۔ | 166 |
| 2 | 3دفعہ | 2دفعہ | 1دفعہ | عشر سال میں کتنے دفعہ عائد ہوتا ہے۔ | 167 |
| 2 | چوکیدار | نمبردار | پٹواری | عشر کون وصول کریں گا۔ | 168 |
| 3 | سکہ رائج الوقت | قسطوں میں | جنس | عشر جنس میں وصول کیا جائے گا یا روپوں میں | 169 |
| 1 | 3ماہ | 2ماہ | 1ماہ | خود تشحیص نظام کے تحت عشر گزار کتنے ماہ کے اندر اپنا فارم زکٰوۃ کمیٹی کے پاس جمع کرواتا | 170 |
| 3 | تحصیل زکٰوۃ کمیٹی | گرداور | تحصیلدار | عشر اور زکوٰۃ کی وصولی کی نگرانی کون کرتاہے؟ | 171 |
| 2 | 30 | 15 | 10 | عشر گزار غلط تشحیص ہونے کی بنا پر کتنے دن تک اپیل کرسکتا ہے؟(دن) | 172 |
| 3 | شوہر 1/2<br>بھائی 1/3<br>بہن 1/6 | شوہر 1/2<br>بھائی 1/6<br>بہن 1/3 | شوہر 1/3<br>بھائی 1/3<br>بہن 1/3 | ایک مسلمان متوفیہ کا شوہر بھائی اور بہنیں زندہ ہیں۔ فقہ شیعہ کے تحت حصص معلوم کریں۔ | 173 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 174 | ایک مسلمان متوفیہ کا ایک شوہر ایک بھائی اور ایک بہن ہے۔ فقہ حنفی کی رو سے معلوم کریں۔ | شوہر 1/3<br>بھائی 1/3<br>بہن 1/3 | شوہر 1/2<br>بھائی 1/6<br>بہن 1/3 | شوہر 1/2<br>بھائی 1/3<br>بہن 1/6 | 3 |
| 175 | ایک متوفی کی ایک بیوہ ،ایک بیٹا اور ایک نواسی موجود ہ؟ | بیوہ1/8<br>بیٹا 7/24<br>نواسی7/12 | بیوہ1/3<br>بیٹا 1/3<br>نواسی1/3 | بیوہ1/8<br>بیٹا 7/12<br>نواسی7/24 | 3 |
| 176 | ایک متوفی کی ایک ماں، باپ، پوتی ہوتو حنفی فقہ کی رو سے حصص معلوم کریں۔ | ماں1/6<br>باپ1/3<br>پوتی1/2 | ماں1/6<br>باپ1/6<br>پوتی2/3 | ماں1/2<br>باپ1/2<br>پوتی محروم | 2 |
| 177 | ایک متوفی کی ایک ماں، باپ ، پوتی ہوتو3/1 حنفی فقہ کی رو سے حصص معلوم کریں۔ | ماں1/6<br>باپ1/6<br>پوتی2/3 | ماں1/3<br>باپ1/3<br>پوتی1/3 | ماں1/2<br>باپ1/2<br>پوتی محروم | 1 |
| 178 | فقہ حنفی میں بیوگان کا شرعی حصہ کتنا ہے۔ | 1/4<br>1/8 | 1/6<br>1/3 | 1/2<br>1/2 | 1 |
| 179 | ایک مسلمان متوفی کی ماں اور پوتا زندہ ہیں۔ فقہ شیعہ کی رو سے حصص تقسیم کریں۔ | ماں1/6<br>پوتا5/6 | ماں1/3<br>پوتا2/3 | ماں1/6<br>پوتا1/6 | 1 |
| 180 | ایک مسلمان متوفی کی ماں اور پوتا زندہ موجود ہیں۔ فقہ حنفی کی رو سے حصص تقسیم کریں۔ | ماں1/6<br>پوتا5/6 | ماں1/3<br>پوتا2/3 | ماں1/6<br>پوتا1/6 | 1 |
| 181 | ایک مسلمان متوفی کی ماں ، دادا اور بیوہ زندہ ہیں۔ فقہ شیعہ کے وراثت تقسیم کریں۔ | ماں1/3<br>دادا2/3<br>بیوہ محروم | ماں1/6<br>دادا1/6<br>بیوہ1/4 | ماں1/3<br>دادا1/3<br>بیوہ1/4 | 1 |
| 182 | ایک مسلمان متوفی کی ماں ، دادا اور بیوہ زندہ ہیں۔ فقہ حنفی کے وراثت تقسیم کریں۔ | ماں1/3<br>دادا5/12<br>بیوہ1/4 | ماں1/6<br>دادا1/6<br>بیوہ1/4 | ماں1/3<br>دادا1/3<br>بیوہ1/4 | 1 |
| 183 | ایک متوفی کا ایک باپ ایک ماں اور ایک بھائی زندہ موجود ہیں۔ فقہ شیعہ کے تحت وراثت تقسیم کریں۔ | باپ2/3<br>ماں1/3<br>بھائی محروم | باپ1/3<br>ماں1/3<br>بھائی1/3 | باپ1/6<br>ماں1/6<br>بھائی2/3 | 1 |
| 184 | ایک متوفی کا ایک باپ ایک ماں اور ایک بھائی زندہ موجود ہیں۔ فقہ حنفی کے تحت وراثت تقسیم کریں۔ | باپ2/3<br>ماں1/3<br>بھائی محروم | باپ1/3<br>ماں1/3<br>بھائی1/3 | باپ1/6<br>ماں1/6<br>بھائی2/3 | 1 |
| 185 | طلاق کی صورت میں بیوہ کو کتنا حصة ملتا ہے؟ شیعہ فقہ کے تحت | 1/8 | 1/4 | محروم | 3 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 186 | طلاق کی صورت میں بیوہ کو کتنا حصہ ملتا ہے۔ | 1/8 | 1/4 | محروم | 3 |
| 187 | ایک متوفیہ کے وارثان شوہر، مادری بھائی یا مادری بہن زندہ ہے۔ فقہ شیعہ کے تحت حصص تقسیم کریں۔ | شوہر1/2<br>مادری بہن بھائی1/2 | شوہر1/4<br>مادری بہن بھائی3/4 | شوہر1/8<br>مادری بہن بھائی7/8 | 1 |
| 188 | ایک متوفیہ کے وارثان شوہر، مادری بھائی یا مادری بہن زندہ ہے۔ فقہ حنفی کے تحت حصص تقسیم کریں۔ | شوہر 1/2<br>مادری بہن بھائی1/2 | شوہر1/4<br>مادری بہن بھائی3/4 | شوہر 1/8<br>مادری بہن بھائی7/8 | 1 |
| 189 | مشروط مالکہ کو کس قانون کے تحت متوفی کی جائیداد سے سالم حصہ ملتا ہے۔ | شرعی قانون | رواجی قانون | عائلی قانون | 2 |
| 190 | ایک متوفی کا ایک پوتا، دو بیوگان ہیں۔ حنفی فقی کی مدد سے حصص تقسیم کریں۔ | پوتا7/8<br>دو بیوگان1/8 | پوتا1/41<br>دو بیوگان3/4 | پوتا1/2<br>دو بیوگان1/2 | 1 |
| 191 | ایک مسلمان متوفی کی ایک بیٹی اور ایک بیٹا ہے۔فقہ شیعہ کے مطابق حصص تقسیم کریں۔ | بیٹا2/3<br>بیٹی1/3 | بیٹا1/2<br>بیٹی1/2 | بیٹاسالم حصہ<br>بیٹی محروم | 1 |
| 192 | ایک مسلمان متوفی کی ایک بیٹی اور ایک بیٹا ہے۔فقہ حنفی کے مطابق حصص تقسیم کریں۔ | بیٹا2/3<br>بیٹی1/3 | بیٹا1/2<br>بیٹی1/2 | بیٹاسالم حصہ<br>بیٹی محروم | 1 |
| 193 | جد صحیحہ کسے کہتے ہیں۔ | دادا | باپ | ماں | 1 |
| 194 | جد صحیح کسے کہتے ہیں۔ | نانی | بہن | خالہ | 1 |
| 195 | متوفیہ کی ایک ماں، شوہر اور دادا زندہ موجود ہیں۔ حصص تقسیم کریں فقہ شیعہ کے تحت | شوہر1/2<br>ماں1/2<br>دادا محروم | شوہر1/2<br>ماں1/6<br>دادا1/3 | شوہر1/2<br>ماں5/6<br>دادا1/6 | 1 |
| 196 | متوفیہ کی ایک ماں، شوہر اور دادا زندہ موجود ہیں۔ حصص تقسیم کریں فقہ حنفی کے تحت | ماں1/3<br>دادا 1/6<br>شوہر1/2 | (ب) ماں6/1<br>دادا3/1<br>شوہر1/2 | ماں5/6<br>دادا1/6<br>شوہر1/2 | 1 |
| 197 | ایک متوفیہ کا شوہر اور ایک حقیقی بہن زندہ ہے۔ فقہ شیعہ کے تحت حصص تقسیم کریں۔ | شوہر1/2<br>حقیقی بہن1/2 | شوہر1/4<br>حقیقی بہن3/4 | شوہر7/12<br>حقیقی بہن5/12 | 1 |
| 198 | ایک متوفیہ کا شوہر اور ایک حقیقی بہن زندہ ہے۔ فقہ حنفی کے تحت حصص تقسیم کریں۔ | شوہر1/2<br>حقیقی بہن1/2 | شوہر1/4<br>حقیقی بہن3/4 | شوہر7/12<br>حقیقی بہن5/12 | 1 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 199 | متوفیہ کا خاوند اور ایک چچا زندہ موجود ہیں حصص شیعہ کی رو سے تقسیم کریں۔ | شوہر1/2<br>حقیقی چچا1/2 | شوہر1/5<br>حقیقی چچا2/5 | شوہر1/3<br>حقیقی چچا2/3 | 1 |
| 200 | متوفیہ کا خاوند اور ایک چچا زندہ موجود ہیں حصص حنفی کی رو سے تقسیم کریں۔ | شوہر2/1<br>حقیقی چچا2/1 | شوہر1/5<br>حقیقی چچا2/5 | شوہر1/3<br>حقیقی چچا2/3 | 1 |
| 201 | متوفی کی ایک بیٹی ،ایک بیوہ زندہ موجود ہیں۔ حصص تقسیم کریں(فقہ حنفی) | بیٹی1/8<br>بیوہ 7/8 | بیٹی7/8<br>بیوہ1/8 | بیٹی1/2<br>بیوہ1/2 | 2 |
| 202 | اسلامی قانون کے تحت شوہر کا کتنا حصہ ہوتا ہے۔ | 1/5 | 1/2 | 1/4 | 3 |
| 203 | ایک متوفی کا باپ اور دادا زندہ ہے۔ فقہ شیعہ کے تحت حصص معلوم کریں۔ | دادامحروم<br>باپ سالم | دادا1/2<br>باپ1/2 | داداسالم<br>باپ محروم | 1 |
| 204 | متوفی کا ایک حقیقی بھائی ایک حقیقی چچا ، پدری بھائی موجود ہیں۔فقہ شیعہ کے تحت حصص معلوم کریں۔ | حقیقی بھائی سالم<br>پدری بھائی محروم<br>چچا محروم | حقیقی بھائی1/2<br>پدری بھائی 1/2<br>چچا محروم | حقیقی بھائی محروم<br>پدری بھائی1/2<br>چچا1/2 | 1 |
| 205 | متوفی کا ایک حقیقی بھائی ایک حقیقی چچا ، پدری بھائی موجود ہیں۔فقہ حنفی کے تحت حصص معلوم کریں۔ | حقیقی بھائی سالم<br>پدری بھائی محروم<br>چچا محروم | حقیقی بھائی1/2<br>پدری بھائی 1/2<br>چچا محروم | حقیقی بھائی محروم<br>پدری بھائی 1/2<br>چچا1/2 | 1 |
| 206 | شیعہ فقہ کی رو سے ایک مسلمان متوفی کی ایک حقیقی بہن ایک پوتی ہے۔ وراثت معلوم کریں۔ | حقیقی بہن محروم<br>پوتی سالم | حقیقی بہن1/2<br>پوتی1/2 | حقیقی بہن سالم<br>پوتی محروم | 1 |
| 207 | حنفی فقہ کی رو سے ایک مسلمان متوفی کی ایک حقیقی بہن ایک پوتی ہے۔ حصص معلوم کریں۔ | حقیقی بہن1/2<br>پوتی1/2 | حقیقی بہن2/3<br>پوتی1/3 | حقیقی بہن محروم<br>پوتی سالم | 1 |
| 208 | شیعہ فقہ میں ایک حقیقی بہن اور ایک بیٹی میں حصص تقسیم کریں۔ | حقیقی بہن1/2<br>بیٹی1/2 | حقیقی بہن محروم<br>بیٹی سالم | حقیقی بہن1/3<br>بیٹی 2/3 | 2 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 209 | مسلمان متوفی کی حقیقی بہن اور ایک بیٹی ہے۔ حصص فقہ حنفی کے مطابق تحریرکریں۔ | حقیقی بہن1/2<br>بیٹی1/2 | حقیقی بہن1/3<br>بیٹی2/3 | حقیقی بہن محروم<br>بیٹی سالم | 1 |
| 210 | کون سی وصیت قانونی تصور کی جاتی ہے۔ | زبانی | رجسٹری شدہ | مصدقہ اسٹام پیر | 2 |
| 211 | کوئی مسلمان شخص اپنی زندگی میں کتنی عمر میں وصیت کرسکتا ہے؟(سال) | 12 | 14 | 18 | 3 |
| 212 | کون سے جائز وارث وراثت سے محروم ہوتے ہیں۔ | لاپتہ شخص | قاتل | بیرون ملک رہائش | 2 |
| 213 | اولاد متعہ کس فقہ کے تحت میراث کا حقدار ہوتی ہے۔ | فقہ شیعہ | فقہ حنفی | فقہ بریلوی | 1 |
| 214 | ایک متوفیہ کا خاوند، ماں، باپ زندہ موجود ہیں۔ حصص فقہ حنفی کے مطابق تقسیم کریں۔ | ماں1/6<br>باپ1/3<br>خاوند1/2 | ماں1/3<br>باپ1/3<br>خاوند1/3 | ماں1/2<br>باپ1/2<br>خاوند محروم | 1 |
| 215 | ایک متوفی کی دو حقیقی نہنیں ، دو مادری بھائی ہیں فقہ حنفی کے تحت ان کے حصص-------------۔ | دو حقیقی بہنیں1/3<br>دومادری بھائی2/3 | دو حقیقی بہنیں محروم<br>دومادری بھائی سالم | دو حقیقی بہنیں2/3<br>دومادری بھائی1/3 | 3 |
| 216 | ایک متوفی کی ایک بیوہ، ایک پوتا اور ایک نواسہ زندہ ہیں۔ حصص تقسیم کریں (حنفی) | بیوہ1/8<br>پوتا7/12<br>نواسہ7/24 | بیوہ1/8<br>پوتا7/24<br>نواسہ7/12 | بیوہ1/8<br>پوتا7/10<br>نواسہ7/26 | 1 |
| 217 | کلالہ کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟ | سورۃ النساء | سورۃ الانعام | سورۃالبقرہ | 1 |
| 218 | پارہ نمبر 4 کی سورۃالنساء میں عورتوں کو حصہ دینے کا حکم آیت نمبر---میں ہے۔ | 7 | 8 | 9 | 1 |
| 219 | قرآن پاک کے پارہ نمبر 2 میں سورۃالبقرہ میں وصیت کا ذکر کس آیت میں کیا گیا ہے۔ | 222-200 | 120-115 | 180-182 | 3 |
| 220 | وہ کون سے رشتے ہیں جو کبھی وارث نہیں ہو سکتے۔ | پھوپھی | بہو | بہن | 2 |
| 221 | قرآن پاک کے پارہ نمبر 6 کی سورۃالنساء میں حقیقی اور پدری بہن بھائیوں کا کس آیت میں ذکر ہے۔ | 176 | 185 | 190 | 1 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 222 | ایک مسلمان متوفی کا حقیقی بھائی ، ایک حقیقی چچا اور ایک پدری بھائی زندہ ہیں۔فقہ حنفی کے مطابق حصص وراثت تقسیم کریں۔ | حقیقی بھائی سالم<br>حقیقی چچامحروم<br>پدری بھائی محروم | حقیقی بھائی1/2<br>حقیقی چچامحروم<br>پدری بھائی1/2 | حقیقی بھائی محروم<br>حقیقی چچاسالم<br>پدری بھائی محرور | 1 |
| 223 | ایک مسلمان متوفی کی ایک حقیقی بہن،ایک چچا اور ایک حقیقی بھتیجا، ایک حقیقی بھتیجی زندہ موجود ہیں۔ فقہ شیعہ حصص۔۔۔۔۔۔ | حقیقی بہن1/2<br>چچامحروم<br>بھتیجا1/2<br>حقیقی بھتیجی محروم | حقیقی بہن سالم<br>چچامحروم<br>بھتیجامحروم<br>حقیقی بھتیجی محروم | حقیقی بہن1/2<br>چچا1/2<br>بھتیجامحروم<br>حقیقی بھتیجی محروم | 1 |
| 224 | ایک مسلمان متوفی کی ایک حقیقی بہن،ایک چچا اور ایک حقیقی بھتیجا، ایک حقیقی بھتیجی زندہ موجود ہیں۔ فقہ حنفی حصص۔۔۔۔۔۔ | حقیقی بہن1/2<br>چچامحروم<br>بھتیجا1/2<br>حقیقی بھتیجی محروم | حقیقی بہن سالم<br>چچامحروم<br>بھتیجامحروم<br>حقیقی بھتیجی محروم | حقیقی بہن1/2<br>چچا1/2<br>بھتیجامحروم<br>حقیقی بھتیجی محروم | 1 |
| 225 | ایک مسلمان متوفی کی دو بیوگان ہیں اور 4بیٹیاں ہیں فقہ حنفی کی رو سے حصص کا تعین کریں۔ | بیوگان3/24<br>بیٹیاں21/24 | بیوگان1/16<br>بیٹیاں15/16 | بیوگان1/12<br>بیٹیاں11/12 | 1 |
| 226 | ایک مسلمان متوفی کے وارثان میں ایک دادا، ایک دادی اور دو بیٹے زندہ ہیں فقہ حنفی لاء کے تحت حصص کا تعین کریں۔ | دادا1/<br>دادی1/6<br>بیٹے2/3 | دادا1/3<br>دادی1/3<br>بیٹے1/3 | دادا1/6<br>دادی1/6<br>بیٹے1/3 | 1 |
| 227 | ایک مسلمان متوفی کے وارثان میں ایک دادا ، دادی اور دو بیٹے زندہ ہیں۔ فقہ جعقریہ یا شیعہ لاء کے تحت حصص کا تعین کریں۔ | دادامحروم<br>دادی محروم<br>بیٹےسالم حصہ | دادا1/6<br>دادی1/6<br>بیٹے2/3 | دادا1/6<br>دادی1/6<br>بیٹے1/3 | 3 |
| 228 | ایک مسلمان متوفی فقہ جعفریہ کے وارثان میں ماں، شوہر اور باپ زندہ ہیں۔ | ماں1/6<br>شوہر1/2<br>باپ1/3 | ماں1/6<br>شوہر1/2<br>باپ1/6 | ماں1/2<br>شوہر1/6<br>باپ1/2 | 1 |
| 229 | ایک مسلمان حنفی فقہ متوفی کی ایک ماں، شوہر اور باپ زندہ موجود ہیں حصص کا تعین کریں۔ | ماں1/6<br>باپ1/3<br>شوہر1/2 | ماں1/3<br>باپ1/6<br>شوہر1/2 | ماں1/6<br>باپ1/6<br>شوہر1/2 | 1 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 230 | ایک مسلمان متوفی کی ایک بیٹی اور بیوہ زندہ موجود ہےمندرجہ ذیل رد عمل کر کے حصص تقسیم کریں۔ | بیوہ1/8<br>بیٹی7/8 | بیوہ1/4<br>بیٹی3/4 | بیوہ1/6<br>بیٹی5/6 | 1 |
| 231 | ایک مسلمان متوفی کی ایک بیوہ ایک ماں زندہ موجود ہے بیوہ کو کتنا حصہ ملے گا؟ | بیوہ1/4<br>ماں3/4 | بیوہ1/8<br>ماں7/8 | بیوہ6/1<br>ماں6/5 | 1 |
| 232 | شیعہ فقہ میں ایک مقبود الخبر مسلمان کتنے و عرصے تک گم ہونے کی صورت میں مردہ تصور کیا جائے گا؟ | عمر 90سال | عمر 70سال | عمر 100سال | 1 |
| 233 | ایک مسلمان حنفی فقہ متوفی کی ایک بیوہ اور ایک بیٹا زندہ موجود ہوں تو بیوہ اوربیٹے میں کس طرح وراثت تقسیم ہو گی؟ | بیوہ1/8<br>باقی7/8 | بیوہ1/8<br>بیٹا3/4 | بیوہ1/16<br>بیٹا15/16 | 1 |
| 234 | ایک متوفی کی ماں ایک باپ اور دو بہنیں زندہ موجود ہیں حصص کا تعین کریں۔ | ماں1/6<br>باپ5/6<br>بہنیں محروم | ماں1/3<br>باپ1/6<br>بہنیں1/2 | ماں1/6<br>باپ1/6<br>بہنیں2/3 | 3 |
| 235 | ایک مسلمان متوفیہ کی ایک ماں اور ایک خاوند ہے؟ | شوہر1/2<br>ماں1/6 | شوہر1/2<br>ماں1/3 | شوہر1/2<br>ماں1/2 | 1 |
| 236 | ایک متوفی کاایک شوہر ،دوبہنیں موجود ہیں مندرجہ ذیل عول وراثت کے حصص کیا ہیں؟ | شوہر3/6<br>حقیقی بہنیں4/6 | شوہر3/7<br>حقیقی بہنیں4/7 | شوہر1/3<br>حقیقی بہنیں2/3 | 2 |
| 237 | عائلی قانون 1961 کی کس سیکشن کے تحت پوتے پوتیوں اور نوسیوں کو حصہ دیا گیا۔ | سیکشن4 | سیکشن5 | سیکشن6 | 1 |
| 238 | عائلی قانون کب نافذ ہوا؟ | 15اپریل1950 | 15جنوری1952 | 15جولائی1961 | 3 |
| 239 | اسلامی قانون وراثت ایکٹ 1948 کی ترمیم کس سال ہوئی؟ | 1948 | 1950 | 1951 | 3 |
| 240 | اسلامی قانون وراثت کب نافذ ہوا؟ | 15مارچ1948 | 15اپریل1950 | 15جنوری1952 | 1 |
| 241 | اخیافی بھائی، بہن کسے کہتے ہیں؟ | جن کی ماں ایک ہو لیکن باپ مختلف ہوں | جن کی مائیں الگ ہوں لیکن باپ ایک ہو | جن کا ماں باپ ایک ہی ہو | 1 |
| 242 | حقیقی بھائی بہن کسے کہتے ہیں؟ | جن کی ماں ایک ہو لیکن باپ مختلف ہوں | جن کی مائیں الگ ہوں لیکن باپ ایک ہو | جن کی ماں باپ ایک ہو | 3 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 243 | ایک وارث کی موجودگی میں دوسرے وارث کا وراثت سے محروم ہونے یا حصہ میں کمی ہونے کو کہتے ہیں | حجب | حاجب | محجوب | 1 |
| 244 | حدیث کسے کہتے ہیں؟ | جو بات اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہو | جو بات حضورﷺ نے فرمائی ہو | جو بات عالم دین نے بتائی ہو | 2 |
| 245 | حدیث کی کتنی اقسام ہوتی ہیں؟ | ایک | دو | تین | 3 |
| 246 | حدیث قولی کسے کہتے ہیں؟ | جو کچھ حضورؐ نے بتایا | جوکچھ حضورؐ کے سامنے ہوا ہو اور آپؐ نے پسند فرمایا ہو | جس پر آپؐ خاموش رہے ہوں | 1 |
| 247 | حدیث فعلی کسے کہتے ہیں؟ | جو کچھ حضورؐ نے بتایا | جوکچھ حضورؐ کے سامنے ہوا ہو اور آپؐ نے پسند فرمایا ہو | جس پر آپؐ خاموش رہے ہوں | 2 |
| 248 | حدیث تقریری کسے کہتے ہیں؟ | جو کچھ حضورؐ نے بتایا | جوکچھ حضورؐ کے سامنے ہوا ہو اور آپؐ نے پسند فرمایا ہو | جس پر آپؐ خاموش رہے ہوں | 3 |
| 249 | رسولؐ کی حدیث جس طرح ہم تک پہنچی ہے اسے کہتے ہیں؟ | اجتہاد | فقہ | روایت | 3 |
| 250 | فقہ کے کتنے اصول ہیں؟ | چار | پانچ | چھ | 1 |
| 251 | حنفی قانون وراثت میں قاتل کو مقتول کی جائیداد سے حصہ ملتا ہے یا نہیں | جی ہاں | جی نہیں | لاعلم | 2 |
| 252 | شیعہ قانون وراثت میں قاتل کو مقتول کی جائیداد سے حصہ ملتا ہے یا نہیں جب کے اس نے قتل بلا ارادہ کیا ہو | جی ہاں | جی نہیں | لاعلم | 2 |
| 253 | شیعہ قانون میں قاتل کو مقتول کی جائیداد سے حصہ ملتا ہے یا نہیں جب کہ اس سے قتل سہوا ہوا ہو | جی ہاں | جی نہیں | لاعلم | 1 |
| 254 | مالک کے فوت ہونے پر مالک کے غلام کو مالک کی جائیداد کا حصہ ملتا ہے کہ نہیں | جی ہاں | جی نہیں | لاعلم | 2 |
| 255 | مسلم بیٹے کو غیر مسلم باپ کی وفات پر اس کی وراثت سے حصہ ملتا ہے کہ نہیں | جی ہاں | جی نہیں | لاعلم | 2 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 256 | حنفی قانون وراثت میں ذولفروض کی تعداد مطابق قرآن مجید کتنی ہیں؟ | 4 | 8 | 12 | 2 |
| 257 | حنفی قانون وراثت میں قرآن و حدیث کے مطابق ذوالفروض کی تعداد کتنی ہیں؟ | 4 | 8 | 12 | 3 |
| 258 | اگر متوفیہ کی اولاد ہو تو شوہر کو کتنا حصہ ملتا ہے؟ | 1/4 | 1/2 | 1/3 | 1 |
| 259 | اگر متوفیہ کی اولاد نہ ہو تو شوہر کو کتنا حصہ ملتا ہے؟ | 1/4 | 1/2 | 1/3 | 2 |
| 260 | جب متوفی کی اولاد ہو تو باپ کو کتنا حصہ ملتا ہے؟ | 1/6 | 1/4 | 1/2 | 1 |
| 261 | جب متوفی یا متوفیہ کی اولاد نہ ہو تو شوہر /بیوی کو حصہ دینے کے بعد باپ کو کتنا حصہ ملتا ہے؟ | 1/6 | 1/4 | باقی سالم | 3 |
| 262 | جب متوفی کا باپ موجود ہو تو جدِصحیح کتنا حصہ لیتا ہے؟ | 1/6 | 1/2 | محروم | 3 |
| 263 | جب متوفی کا باپ موجود نہ ہو تو جدِ صحیح (دادا وغیرہ) کتنا حصہ لے گا؟ | 1/6 | 1/2 | محروم | 1 |
| 264 | مادری بہن بھائیوں میں مذکر کو مونث سے دوہرا حصہ ملے گا یا بحصہ برابر لیں گے؟ | دوہرا حصہ | بحصہ برابر | تیسرا حصہ | 1 |
| 265 | زوجہ یا بیوہ کتنا حصہ ملتا ہے جب متوفی کی اولاد ہو؟ | 1/8 | 1/4 | 1/6 | 1 |
| 266 | زوجہ یا بیوہ کتنا حصہ ملتا ہے جب متوفی کی اولاد نہ ہو؟ | 1/8 | 1/4 | 1/6 | 2 |
| 267 | جب متوفی کی اولاد ہو تو ماں کتنا حصہ کی حقدار ہے؟ | 1/6 | 1/3 | 1/8 | 1 |
| 268 | جب متوفی کی اولاد نہ تو اور ایک سے زائد حقیقی،پدری یا مادری بھائی بہن موجود نہ ہوں تو ماں کتنا حصہ کی حقدار ہے؟ | 1/6 | 1/3 | 1/2 | 2 |
| 269 | جب متوفی کی اولاد نہ تو اور ایک سے زائد حقیقی،پدری یا مادری بھائی بہن موجود ہوں تو ماں کتنا حصہ کی حقدار ہے؟ | 1/6 | 1/3 | 1/2 | 1 |
| 270 | جب ماں ،باپ ،زوجہ یا شوہر وارثان ہوں اور متوفی کی اولاد نہ ہو تو زوجہ یا شوہر کا حصہ دینے کے بعد ماں کو کتنا حصہ ملے گا؟ | 1/6 | 1/3 | زوجہ یا شوہر کو حصہ دینے کے بعد باقی 1/3 | 3 |
| 271 | جب ماں ،باپ ،زوجہ یا شوہر وارثان ہوں اور متوفی کی اولاد نہ ہو تو زوجہ یا شوہر کو حصہ دینے کے بعد باپ کو کتنا حصہ ملے گا؟ | 1/6 | 2/3 | زوجہ یا شوہر کو حصہ دینے کے بعد باقی کا2/3 | 3 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 272 | اگر متوفی کی ماں موجود نہ ہو تو دادی یا نانی کتنا حصہ کی حقدار ہے؟ | 1/6 | 1/3 | 2/3 | 1 |
| 273 | حقیقی بہن متوفی کی جائیداد سے کتنا حصہ کی حقدار ہے جب متوفی کی اولاد نہ ہو؟ | 1/2 | 2/3 | 1/3 | 1 |
| 274 | جب ایک سے زائد حقیقی بہنیں ہوں اور متوفی کی اولاد نہ ہو اور نہ ہی متوفی کا باپ اور بھائی ہو تو حقیقی بہنیں کتنا حصہ کی حقدار ہوں گی؟ | 1/2 | 2/3 | 1/3 | 2 |
| 275 | متوفی کی اولاد نہ ہو اور حقیقی بہن بھائی نہ ہوں ، باپ بھی نہ ہو تو علاتی/پدری بہنیں کتنا حصہ کی حقدارہوں گی؟ | 1/2 | 2/3 | 1/3 | 2 |
| 276 | جب متوفی کی بیٹی،پوتی،پرپوتی موجود نہ ہوں اور ایک حقیقی بہن ہو تو پدری بہن کتنا حصہ لے گی؟ | 1/2 | 2/3 | 1/6 | 3 |
| 277 | جب متوفی کی ایک ہی بیٹی ہو اور اولاد نرینہ نہ ہو تو وہ کتنا حصہ لے گی؟ | 1/2 | 2/3 | 3/4 | 1 |
| 278 | جب متوفی کی ایک سے زائد بیٹیاں ہوں اور اولاد نرینہ نہ ہو تو وہ کتنا حصہ لے گی؟ | 1/2 | 2/3 | 3/4 | 2 |
| 279 | جب ایک بیٹی موجود ہو اور بیٹا یا پوتا موجود نہ ہو تو ایک پوتی کو کتنا حصہ ملے گا؟ | 1/2 | 1/3 | 1/6 | 3 |
| 280 | جب ایک بیٹی موجود ہو اور بیٹا یا پوتا موجود نہ ہو تو ایک پوتی کومسلم پرسنل لاء 1961 کی دفعہ 4 کے تحت کتنا حصہ دیا جائے گا؟ | 1/2 | 1/6 | 2/3 | 3 |
| 281 | جب ایک بیٹی موجود ہو اور ایک پوتی موجود ہو تو مسلم پرسنل لاء کے تحت بیٹی کو کتنا حصہ دیا جائے گا؟ | 1/2 | 1/3 | 2/3 | 2 |
| 282 | دادا کب حصہ وراثت سے محروم ہوتا ہے؟ | جب باپ موجود ہو | جب باپ موجود نہ ہو | لاعلم | 1 |
| 283 | جدِصحیح (دادی) کب محروم ہوتی ہے؟ | جب باپ،ماں موجود ہوں | جب باپ،ماں موجود نہ ہوں | لاعلم | 1 |
| 284 | جدِصحیح (نانی) کب محروم ہوتی ہے؟ | جب ماں موجود ہو | جب ماں موجود نہ ہو | لاعلم | 1 |
| 285 | مادری بھائی ،بہن کب محروم ہوتے ہیں؟ | جب اولاد نرینہ تاانتھا یا باپ، دادا تا انتھا یا بیٹی یا پوتی موجود ہو | جب اولاد نرینہ تاانتھا یا باپ، دادا تا انتھا یا بیٹی یا پوتی موجودنہ ہو | لاعلم | 1 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 286 | حقیقی بہن کب محروم ہوتی ہے؟ | جب اولاد نرینہ تا انتہا یا باپ،دادا تا انتہا موجود ہو | جب اولاد نرینہ تا انتہا یا باپ،دادا تا انتہا موجود نہ ہو | لاعلم | 1 |
| | | | | | |
| 287 | پدری بہن کب محروم ہوتی ہے؟ | جب اولاد نرینہ تا انتہا یا باپ،دادا تا انتہا موجود ہو یا حقیقی بھائی یا دو سے زیادہ حقیقی بہنیں موجود ہو | جب اولاد نرینہ تا انتہا یا باپ،دادا تا انتہا موجود ہو یا حقیقی بھائی یا دو سے زیادہ حقیقی بہنیں موجود نہ ہو | لاعلم | 1 |
| | | | | | |
| 288 | باپ کو بطور ذوالفروض کب حصہ ملتا ہے؟ | جب متوفی کی اولاد نرینہ تا انتہا موجود ہو | جب متوفی کی اولاد نرینہ تا انتہا موجود نہ ہو | لاعلم | 1 |
| | | | | | |
| 289 | باپ کو بطور عصبہ کب حصہ ملتا ہے؟ | جب متوفی کی کوئی اولاد تا انتہا موجود نہ ہو یا متوفی کی مونث اولاد تا انتہا موجود ہو | جب متوفی کی کوئی اولاد تا انتہا موجود نہ ہو یا متوفی کی مونث اولاد تا انتہا موجود نہ ہو | لاعلم | 1 |
| | | | | | |
| 290 | حقیقی بہن کب بطور ذوالفروض حصہ کی حقدار ہو گی؟ | جب حقیقی بھائی، بیٹی اور پوتی موجود ہو | جب حقیقی بھائی، بیٹی اور پوتی موجود نہ ہو | لاعلم | 2 |
| | | | | | |
| 291 | حقیقی بہن کب بطور عصبہ حصہ کی حقدار ہو گی ؟ | جب حقیقی بھائی ،1 بیٹی اور پوتی موجود ہو | جب حقیقی بھائی ،1 بیٹی اور پوتی موجود نہ ہو | لاعلم | 1 |
| | | | | | |
| 292 | ماں کب بطور عصبہ حصہ لیتی ہے؟ | جب زوجہ /شوہر موجود ہو اور متوفی کی نہ تو اولاد ہو اور نہ ہی کسی قسم کے بھائی ہوں اور باپ بھی موجود ہو | جب زوجہ /شوہر موجود ہو اور متوفی کی نہ تو اولاد ہو اور نہ ہی کسی قسم کے بھائی ہوں اور باپ بھی موجود نہ ہو | | 1 |